**D–12–A**

Roll No. ..........................................

Total No. of Questions : 12] [Total No. of Printed Pages : 15

# XIIARKDN20
# 2012–A
# URDU

Time : 3 Hours] [Maximum Marks : 100

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر

پر دیئے گئے سوالات کا مختصر جواب لکھئے۔ 5×2=10

(الف) وہ گھبرا کر پھر کھڑکی کی طرف دوڑا۔ اس کے پٹ کھولے تو

دیکھا کہ آسمان صاف ہے۔ آندھی تھم گئی ہے گھٹا کھل گئی ہے۔ تارے نکل

آئے ہیں۔ ان کی چمک سے اندھیرا بھی کچھ کم ہوگیا ہے۔ وہ دل



https://www.jkboseonline.com

بہلانے کے لئے تاروں بھری رات کو دیکھ رہا تھا۔ کہ یکا یک اس کو آسمان کے بیچ میں ایک روشنی دکھائی دی۔ اور اس میں ایک خوبصورت دلہن نظر آئی۔ اس نے ٹکٹکی باندھ کر اسے دیکھنا شروع کیا۔ جوں جوں وہ اسے دیکھتا تھا وہ قریب آتی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ وہ اس کے قریب آگئی۔ اس کے حسن جمال کو دیکھ کر حیران ہو گیا اور نہایت پاک دل اور محبت کے لہجے میں اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ وہ بولی کہ میں ہمیشہ زندہ رہنے والی نیکی ہوں۔

(i) کھڑکی کے پٹ کھول کر اس نے کیا دیکھا؟

(ii) اس نے دل بہلانے کے لئے کیا دیکھنا شروع کیا؟


https://www.jkboseonline.com

(iii) اس نے آسمان کے بیچ کیا دیکھا؟

(iv) اس دُلہن نے اپنا نام کیا بتایا؟

(v) یہ اقتباس کس انشائیہ سے اخذ کیا گیا ہے؟

(یا)

(ب) ہمارے انگریزی خواں دوست مانیں یا نہ مانیں، میں تو یہی کہوں گا کہ گلی ڈنڈا سب کھیلوں کا راجا ہے۔ اب بھی جب کبھی لڑکوں کو گلی ڈنڈا کھیلتے دیکھتا ہوں تو جی لوٹ پوٹ ہوتا ہے کہ ان کے ساتھ جا کر کھیلنے لگوں۔ نہ لان میدان کی ضرورت ہے نہ شنگارڈ، نہ نٹ کی، نہ بلے کی۔ مزے سے کسی درخت کی ایک شاخ کاٹ لی، گلی بنائی اور دو آدمی بھی آ گئے


https://www.jkboseonline.com

تو کھیل شروع ہو گیا۔ ولایتی کھیلوں میں سب سے بڑا عیب یہ ہے کہ ان کے

سامان بہت مہنگے ہوتے ہیں۔

(i) کون سا کھیل کھیلوں کا راجا ہے؟

(ii) کون سا کھیل دیکھ کر مصنف کا جی لوٹ پوٹ ہو جاتا ہے اور وہ کیا چاہتا ہے؟

(iii) گلی ڈنڈا کھیلنے کے لئے کن چیزوں کی ضرورت نہیں ہوتی ہے؟

(iv) گلی ڈنڈا کا کھیل کس طرح شروع ہوتا ہے؟

(v) ولایتی کھیلوں میں سب سے بڑا عیب کیا ہے؟



https://www.jkboseonline.com

2 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھیے۔ 2x4=8

(i) بوڑھا انشائیہ ''گذرا ہوا زمانہ'' میں پچھتاوے کے آنسو کیوں بہاتا ہے اور وہ دس ہزار دینار دے کر کیا دو چیزیں حاصل کرنا چاہتا ہے؟

(ii) منشی پریم چند نے اپنے افسانے ''گلی ڈنڈا'' میں کن جذبات اور احساسات کی تصویر کشی کی ہے؟

(iii) پطرس بخاری نے جو سائیکل مرزا سے خریدی، اس کا خاکہ پیش کیجئے۔


https://www.jkboseonline.com

(iv) محاکات کسے کہتے ہیں؟ شبلی کے مطابق شاعری میں محاکات کی کیا اہمیت ہے؟

3 ''افسانہ'' یا ''انشائیہ'' پر نوٹ لکھیے۔ 6

4 سرسید احمد خاں کی ادبی خدمات یا منشی پریم چند کے حالاتِ زندگی تحریر کیجیے۔ 6

5 کسی ایک شعری جز کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5x2=10

(الف) دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب

کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو



https://www.jkboseonline.com

شورش سے ہوں گریزاں دل ڈھونڈتا ہے میرا

ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو

مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری

دامانِ کوہ میں اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

(i) شاعر کس چیز سے اُکتا گیا ہے؟

(ii) شاعر کا دل کیا ڈھونڈتا ہے؟

(iii) شاعر کی آرزو کیا ہے؟

(iv) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(v) اس نظم کا شاعر کون ہے؟



https://www.jkboseonline.com

(یا)

(ب) ایک دوشیزہ سڑک پر دھوپ میں ہے بے قرار

چوڑیاں بجتی ہیں کنکر کوٹنے میں بار بار

چوڑیوں کے ساز میں یہ شور ہے کیسا بھرا

آنکھ میں آنسو بنی جاتی ہے جس کی ہر صدا

گرد سے رخسار پر زلفیں اٹی ہیں خاک میں

نازکی بل کھا رہی ہے دیدۂ غم ناک میں

(i) دوشیزہ سڑک پر کیا کر رہی ہے؟

(ii) کنکر کوٹنے میں کس کی آواز بار بار آتی ہے؟

(iii) دوشیزہ کے رُخسار اور زلف کی کیا حالت ہے؟

(iv) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(v) اس نظم کا شاعر کون ہے؟

6 درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھیے۔ 2×5=10

(الف) اردو غزل پر نوٹ لکھیے۔

(ب) میر تقی میرؔ یا حامدی کاشمیری کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔



https://www.jkboseonline.com

(ج) مرزا غالب کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے ۔

(د) پروین شاکر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے ۔

7 نظم ''ایک آرزو'' کا خلاصہ تحریر کیجئے ۔ 6

(یا)

اقبال یا فیض احمد فیض کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے ۔

8 صرف دو شعری اصطلاحات کی تعریف مع مثال لکھئے ۔ 2x2=4

(i) ردیف ۔

(ii) قافیہ ۔

(iii) حسنِ تعلیل ۔

(iv) — مطلع ۔

9 تاریخ ادب سے متعلق صرف دو سوالات کے جواب لکھئے۔ 2×7½=15

(الف) مرزا غالب کے خطوط کی چند امتیازی خوبیاں تحریر کیجئے۔

(ب) ترقی پسند تحریک کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(ج) علی گڑھ تحریک کے وجود میں آنے کے کیا اسباب تھے؟ مختصر طور پر تحریر کیجئے۔

(د) دبستان دلّی کی شاعری کی چند نمایاں خوبیاں بیان کیجئے۔

10 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معاف کروانے کے لئے درخواست لکھئے۔ 8

(یا)

اپنے دوست کو امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارک بادی کا خط لکھئے۔



https://www.jkboseonline.com

11 کسی ایک عنوان پر دوسو (200) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 12

(i) میری زندگی کا مقصد۔

(ii) سائنس کی برکات۔

(iii) جنگلات کا تحفظ۔

(یا)

اپنے اسکول میں منعقدہ یوم اساتذہ کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجیے۔

12 معروضی سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چُن لیجیے۔

(i) ''گذرا ہوا زمانہ'' کس کا لکھا ہوا انشائیہ ہے؟ 1

(a) سرسید احمد خان۔



https://www.jkboseonline.com

(b) شبلی۔

(c) پریم چند۔

(d) پطرس بخاری۔

(ii) پطرس بخاری کا کون سا انشائیہ درسی کتاب میں شامل ہے؟ 1

(a) گذرا ہوا زمانہ۔

(b) مرحوم کی یاد میں۔

(c) گلاب۔

(d) خوشامد۔

(iii) غزل کے ابتدائی شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) مطلع۔

(b) حسن مطلع۔

(c) زیب مطلع۔

(d) مقطع۔

(iv) غالب کو کس صنف شاعری میں کمال حاصل ہے؟

(a) قصیدہ۔

(b) مرثیہ۔

(c) مثنوی۔

~~(d)~~ غزل۔

(v) اقبال کی کون سی نظم درسی کتاب میں شامل ہے؟

(a) حسن اور مزدوری۔



https://www.jkboseonline.com

(b) ایک آرزو۔

(c) نیند۔

(d) جگنو۔

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 20/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 20 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

https://www.jkboseonline.com